1989ء سے مسلسل اشاعت | 9 دسمبر تا 15 دسمبر 2022 | شمارہ نمبر 50 | جلد نمبر 34

MC - 547 Price Rs. 70/-

# ہفت روزہ پیپر بزنس کراچی

بانی: محمد رؤف

پیپر، پیپر بورڈ اور اسٹیشنری کے مینوفیکچررز، انڈنٹرز، امپورٹرز و ایکسپورٹرز، ٹریڈرز، پرنٹرز، سپلائرز اور پرنٹنگ کی صنعت سے وابستہ اداروں کے درمیان رابطہ کا پاکستان کا واحد باقاعدہ تصدیق شدہ پہلا تجارتی جریدہ


**FAIR TRADE (Pvt) Limted**

A Trusted & Reliable Name for Geniune Trading of Paper & Board

Serving Since 1975

| Distributors | Importers |
|---|---|
| Flying Paper<br>Bulleh Shah ( Packages )<br>Crown ( Fazal Paper )<br>Chenab ( A.K Ind. ) | Offset Paper<br>Bleached Board<br>Art Card |

4, Muhammadi Terrace, Tayyebji Road, Karachi.
Ph: 021-32625600 - 32625633 , Fax: (92-21) 32621614
Whatsapp: 0334-0209809, Email: fairtrade1961@gmail.com

IBM™

ISO 900: 2015
International Business Management
CERTIFIED

PT. PABRIK KERTAS TIJWI KIMIA TBK

ART PAPER NEVIA

NINGBO FOLD Little Star Bleach Board

pindo deli paper products

Indah Kiat Pulp and Paper Products

SINAR

VERITAC SELF ADHESIVE STICKER PAPER

Brands of the year Award 2010

Brands of the year Award 2011-2012

111-IBM-PAK
Please Contact For Booking

First Floor, Darul Hina Building Tayabjee Road, Near Burhani Hospital Karachi., 74200 PAKISTAN. Ph: +92-2132627061 Fax # 92-21-32629786 UAN: 111-426-725
Email: saleem.bikiya@ibmpak.com website: www.ibmpakistan.com

bmp — بزنس مین پینل





کراچی و لاہور میں خدمت کے 13 سال

BMG — بزنس مین گروپ

جناب محمد سلیم بیکیا اور جناب خامس سعید بٹ کی قیادت پر ملک بھر کے پیپر مرچنٹس کا اعتماد

محمد سلیم بیکیا — چیئرمین

خامس سعید بٹ — گروپ لیڈر

کل بھی تھا ۔ آج بھی ہے اور آئندہ بھی رہے گا






Printed on NEVIA Gloss- Art Paper, China, 113 Gsm, Contact For Booking IBM: 111-426-725

tjiwi kimia
paper products
www.tjikimia.co.id

# PAPER THAT WORKS EVERYDAY



## ART PAPER
- 2/S COATED ART PAPER
- SINAR BRAND

EnOva SINAR



## PHOTOCOPY PAPER
- PAPERLINE GOLD
- INTEGRITE
- PAPERLINE
- AONE
- EXCELPRO

GOLD · ExcelPro · PAPERLINE · a1ne



## WOODFREE PAPER
- SINAR ROYAL WHITE WOODFREE PAPER
- EXTRAPRINT PAPER PLUS
- WOODFREE BLUISH WHITE PAPER

eXp EXTRAPRINT · eXp pplus EXTRAPRINT · eXp srw EXTRAPRINT



## SPECIALTY & CARBONLESS PAPER
- CONCORDE CAST COATED PAPER/BOARD
- FOOPAK GRASEPROOF PAPER
- ENZA KRAFT PAER

Impressions · Ellustra DRAWING PAPER · enza · foopak · CONCORDE



## QUALITY STATIONERY ITEMS
- SINARLINE OFFICE & STATIONERY PRODUCTS
  MAKE YOUR BUSY SCHEDULE ALL IN ORDER!

SINARLINE



## OTHER PRODUCTS
- OFFSET PRINTING PAPER
- SINAR BLUISH WHITE
- PAPER PLUS
- 1/S CAST COATED BOARD/PAPER
- RECYCLED PAPER
- SINAR BLUISH WHITE
- WOODFREE PAPER

paperplus

## FOR BOOKING CONTACT

IBM™
ISO 9001: 2015 CERTIFIED

**INTERNATIONAL BUSINESS MANAGEMENT**

First ISO 9001-2015 Certified Paper Identing Company in Pakistan
First Floor, Darul Hina Building, Tayabjee Road Near Burhani Hospital, Karachi UAN:111-IBK-PAK
Ph # 92-21-32627061-63, Fax # 92-21-32629786
Email: saleemibm@cyber.net.pk, Website:www.ibmpakistan.com

BRANDS ICON OF PAKISTAN 2010
Brands of the year Award — IT'S ALL ABOUT CHAMPIONS
Brands of the year Award — IT'S ALL ABOUT CHAMPIONS 2011-2012



Printed on NEVIA Gloss- Art Paper, China, 113 Gsm, Contact For Booking IBM: 111-426-725

# BIKIYA PAPER MART

we Serve unique
& best quality paper
to build
on brand loyality

IK BLUISH WHITE OFFSET PAPER
THE MAGIC NUMBER 035
THINK OF PAPER THINK OF IK

SINARROYAL WHITE
WOODFREE PAPER

pindo deli
paper producs

FajarPaper

tjiwi kimia
paper products

CONTACT

Shop # 1, Bikiya Manzil, Faiz Muhammad Fateh Ali Road, Karachi
phone:021-32620210, 32626021

# BILAL PAPER MART

A Very Famous Name For Indonesian Paper & Board Products

- Coated Duplex Board
- Coated Art Card
- Offset Printing Paper
- Art Paper
- Sticker Paper
- Ivory Card
- Bleach

CONTACT

Shop # 8, Salma Manzil , Faiz Muhammad Fateh Ali Road, Karachi 74200

Phone: 021-32626285, 32626391, 32630109





Printed on NEVIA Gloss- Art Paper, China, 113 Gsm, Contact For Booking IBM: 111-426-725

ہفت روزہ
پیپر بزنس کراچی
اشاعت: بروز جمعہ
پبلشر حرا رؤف
نے پرنٹر عبدالغیور، ٹارگٹ پرنٹرز سے چھپوا کر 14 بتول مارکیٹ، کراچی سے شائع کیا
یہ شمارہ 22 رنگین اور 18 عمومی صفحات پر مشتمل ہے

رابطہ افس
A-144 بھایانی شاپنگ سینٹر، بلاک M
نارتھ ناظم آباد، بالمقابل فاروق اعظم مسجد، کراچی
137 سنی پلازہ، پہلی منزل، حسرت موہانی روڈ، کراچی
رابطہ: 021-32632362-0308-2933229
weeklypaperbusiness@gmail.com

بانی: محمد رؤف
ایڈیٹوریل بورڈ
پبلشر و ایگزیکٹو ایڈیٹر: حرا رؤف
اسسٹنٹ ایڈیٹر: نعمان علی
ڈیزائننگ: سمیر انصاری
پیج میکنگ: عمران صدیقی


چارجز
سالانہ معہ کوریئر (کراچی) 2500 روپے
سالانہ معہ کوریئر (بیرون کراچی) 3000 روپے
سالانہ بغیر کوریئر (کراچی) 1200 روپے
آن لائن ادائیگی: Summit بینک پیپر مارکیٹ کراچی
A/c-No: 01025620311714112960
IBAN:PK72SUMB0256027140112960

قیمت: 70 روپے

# 17 ویں پانچ روزہ سالانہ کراچی بین الاقوامی کتب میلے کا افتتاح، 12 دسمبر تک جاری رہے گا

## 330 سے زائد اسٹالز، 400000 افراد کی شرکت متوقع، طلبہ و طالبات، ادبی، سیاسی، سماجی و تعلیمی شخصیات کی بڑی تعداد کی دلچسپی

## تمام موضوعات پر انتہائی کم قیمت میں کتابیں دستیاب ہیں، عزیز خالد، وقار متین خان اور ناصر حسین کی مقامی ہوٹل میں پریس کانفرنس




کراچی (پیپر بزنس نیوز) پاکستان پبلشرز اور بک سیلرز ایسوسی ایشن کی جانب سے گزشتہ 18 سالوں کی طرح اس سال بھی کتابوں اور ادب سے شغف رکھنے والوں کے لیے منفرد بین الاقوامی کتب میلہ کراچی انٹرنیشنل بک فیئر 2022 عروس البلاد کراچی میں جمعرات 8 دسمبر کو شروع ہو رہا ہے۔ یہ بین الاقوامی کتب میلے کا انعقاد شہر قائد کے وسط میں واقع کراچی ایکسپو سینٹر میں 8 دسمبر سے 12 دسمبر 2022 تک جاری رہے گا۔ جس میں اس سال گزشتہ سال کے مقابلے میں 30 زائد اسٹال لگے ہیں اور ان کی تعداد 330 ہے۔ مزید برآں اس عالمی کتب میلے میں 17 ممالک کے تقریباً 40 ادارے حصہ لے رہے ہیں جبکہ پاکستان بھر سے 136 نامور پبلشرز نے بھی اپنے اسٹال لگائے ہیں۔ منتظمین کے مطابق اس سال چار لاکھ سے زائد افراد اس کتب میلے کا حصہ ہوں گے۔ وزیر تعلیم سندھ سید سردار علی شاہ جمعرات 8 دسمبر کو عالمی کتب میلے کا افتتاح کر رہے ہیں جبکہ مہتاب اکبر راشدی اور صوبائی وزیر برائے یونیورسٹی اور بورڈ اسماعیل راہو اعزازی مہمان ہوں گے۔ 2005 سے لگاتار منعقد ہونے والے کراچی بین الاقوامی کتب میلے کو پاکستان کے سب سے بڑے تجارتی میلے کا بھی اعزاز حاصل ہے جس میں نہ صرف پاکستان بھر سے بلکہ ترکی، سنگاپور، چین، ملائیشیا، برطانیہ، متحدہ عرب امارات اور دیگر ممالک کے پبلشنگ ادارے بھی حصہ لیتے ہیں۔ اس سال کی خاص بات یہ ہے کہ برطانیہ کی مشہور پبلشنگ کمیٹی آرڈر ایجوکیشن بھی براہ راست حصہ لے رہی ہے اور اس کی ڈائریکٹر بھی پاکستان آئی ہیں اس سے قبل وہ اپنی ایجنسیوں کی معرفت شرکت کرتے تھے۔ یہ میلہ تمام پبلشرز، ڈسٹری بیوٹرز، ملکی و غیر ملکی پبلشرز، لائبریریز اور صارفین کو ایک پلیٹ فارم پر لاتا ہے۔ کنوینئر کے آئی بی ایف وقار متین نے منگل 6 دسمبر کو مقامی ہوٹل میں ہونے والی پریس کانفرنس میں صحافیوں کو اس عالمی میلے کی تفصیلات سے آگاہ کیا۔ اس موقع پر پاکستان پبلشرز اور بک سیلرز ایسوسی ایشن کے چیئرمین جناب عزیز خالد، ڈپٹی کنوینئر ناصر حسین، ندیم مظہر، اویس مرزا جمیل، ایم اقبال غازیانی، اقبال صالح محمد، ندیم اختر، کامران نورانی اور سلیم عبدالحسین بھی موجود تھے۔ وقار متین کا کہنا تھا کہ ہر سال ہونے والا یہ عالمی میلہ پاکستان بھر کے لاکھوں طلبہ، والدین، ادبی و تدریسی شخصیات اور مختلف شعبہ ہائے زندگی سے تعلق رکھنے والے افراد کی خاص توجہ کا مرکز رہا ہے۔ وقار متین صاحب نے اس عالمی میلے میں حصہ لینے والے پبلشرز کا خصوصی شکریہ ادا کیا جن کی وجہ سے یہ کتب میلہ اپنی کامیابیوں کا تسلسل برقرار رکھ سکا ہے اور ہر سال ریکارڈ توڑ تعداد میں لوگ اس میں شرکت کرتے ہیں۔ پریس کانفرنس سے خطاب کرتے ہوئے پاکستان پبلشرز اور بک سیلرز ایسوسی ایشن کے چیئرمین عزیز خالد نے کہا کہ اس طرح کے کتب میلے اب صرف عام میلوں کی حیثیت نہیں رکھتے نہ ہی یہ صرف اور صرف پبلشرز کو ایک سادہ سا پلیٹ فارم مہیا کرتے ہیں بلکہ موجودہ دور میں کے آئی بی ایف جیسے کتب میلے پاکستان کے مثبت پہلوؤں کو اجاگر کرتے ہیں۔ عزیز خالد کا کہنا تھا کہ کے آئی بی ایف کا حالیہ ایڈیشن پچھلے تمام ایونٹس کے مقابلے میں زیادہ کامیاب ہوگا جس میں اس عالمی کتب میلے کے ذریعے پیشہ ورانہ مہارت اور دیگر امور کا تبادلہ بھی کیا جائے گا۔ چیئرمین پاکستان پبلشرز اینڈ بک سیلرز ایسوسی ایشن نے اس بات پر زور دیا کہ کراچی کتب میلے کے انعقاد سے ہم اپنے معاشرے کو اقدار، انسانیت، برداشت اور تہذیب کا درس دیتے ہیں۔ کے آئی بی ایف کا مقصد پاکستانی نوجوان اور طلبہ کو یہ باور کرانا ہے کہ وہ اس آنے والے وقت میں مختلف فنون اور شعبوں میں علم و ہنر حاصل کر کے اپنے ملک و قوم کی ترقی میں بنیادی کردار ادا کریں گے۔ عزیز خالد نے اپنے خطاب میں پاکستان کی کاغذ ملوں کی جانب سے زیادتیوں کو اجاگر کیا جن کی وجہ سے ملک میں کاغذ بہت مہنگا ہو گیا ہے جبکہ درآمدی کاغذ پر بھی حکومت کی مہربانیوں سے 65 فیصد سے زائد ٹیکسز ہیں اور اس کی وجہ سے اب کاغذ کے باعث کتابوں کی قیمتوں میں بے تحاشہ اضافہ ہو گیا ہے۔ انہوں نے حکومت نے مطالبہ کیا کہ کاغذ پر ٹیکسز میں کمی کی جائے۔ اس عالمی کتب میلے میں ایک محتاط اندازے کے مطابق چار لاکھ سے زائد افراد کی شرکت متوقع ہے مزید برآں اس میں مختلف کتابوں کی رونمائی کی تقریبات بھی منعقد کی جائیں گی۔ اس عالمی کتب میلے کی افتتاحی تقریب جمعرات 8 دسمبر 2022 کو ہوگی جبکہ پہلے دن سے عوامی داخلہ کے اوقات کار صبح 10 بجے سے لے کر رات 9 بجے تک ہوں گے جو کہ پیر 12 دسمبر 2022 تک جاری رہے گا۔ میلے میں داخلہ مفت ہے۔



یہ شمارہ 113 گرام نیو یا آرٹ پیپر گلوس چائنا برانڈ پر شائع کیا گیا ہے، انتہائی مناسب قیمت پر دستیاب ہے، بکنگ کیلئے رابطہ کریں: IBM فون نمبر 725-426-111

# SALMAN PAPER PRODUCTS ( PVT ) LTD

## Importer, Manufacturer and Wholeseler

### WE DEALS IN:

- Coated Packaging Board
- Art Card
- Duplex Board
- Colour Card
- Brief Card
- Uncoated Board
- Kraft Card
- Kraft Liner
- Office Stationery
- Corrugation Carton
- Offset Printing Paper
- Art Paper
- Photocopier Paper
- Kraft Paper
- Sticker Paper
- Corbonless Paper
- School Stationery
- Boxes
- Label Printing
- Exercise Copies & Registers

## Different Size of Packets and Reels

Room # 201,213 2nd Floor, IBM Center, Hassan Ali Effendi Road,
Paper Market, Karachi.

Phone : 021-32216671, 2212081, 2601020

aslamjilani1@hotmail.com / salmanpaperproductspvtltd@gmail.com





Printed on NEVIA Gloss- Art Paper, China, 113 Gsm, Contact For Booking IBM: 111-426-725

# مقامی کاغذ ملوں کی شکایت پر آفسیٹ پیپر اور پیکیجنگ بورڈ کی صد فیصد ایگزامینیشن

## آل پاکستان پیپر مرچنٹس ایسوسی ایشن کی تشویش، ایک امپورٹر کے ایک جیسے مال کو بار بار لیب بھیجا جا رہا ہے

کراچی (پیپر بزنس نیوز) معلوم ہوا ہے کہ کراچی کسٹم نے آفسیٹ پیپر اور پیکیجنگ بورڈ کی فائل کی جانے والی ہر انٹری کو سو فیصد ایگزامینیشن کے لیے بھیجنا شروع کر رکھا ہے جس پر آل پاکستان پیپر مرچنٹس ایسوسی ایشن نے سخت تشویش ظاہر کی ہے۔ کسٹم ذرائع کا کہنا ہے کہ یہ اقدام مقامی کاغذ ملوں کی شکایت پر اعلیٰ عہدیداروں کی ہدایت پر اٹھایا گیا ہے، اس کے نتیجے میں کسٹم ہر انٹری کو ایگزامینیشن کے لیے بھیج رہا ہے جس سے کلیئرنگ کا عمل تاخیر کا شکار ہو رہا ہے اور امپورٹرز کو بھاری ڈیمرج و ڈیٹنشن کا سامنا کرنا پڑ رہا ہے۔ آل پاکستان پیپر مرچنٹس ایسوسی ایشن کے ایک وفد نے اس صورت حال پر اپیما کی تشویش سے آگاہ کرنے کے لیے ایڈیشنل کلکٹر IV (ایسٹ) مشتاق علی شاہانی سے 7 دسمبر کو ان کے دفتر میں ملاقات کی۔ وفد میں سینئر وائس چیئرمین محمد انیس، سابق وائس چیئرمین حضرات ناصر قاسم اور صدر الدین جیوانی کے علاوہ آصف بھام بھی شامل تھے۔ وفد نے انہیں بتایا کہ کسٹم اہلکار ایک امپورٹرز کے ایک جیسے ایک ملک اور ایک مل سے درآمد کردہ تمام کنسائنمنٹ کو لیبارٹری ٹیسٹ کے لیے بھیج رہے ہیں اس طرح ایک مال کی کئی کئی بار لیبارٹری ٹیسٹ کی جا رہی ہے باوجود اس کے کہ وہ امپورٹر گرین چینل میں شامل ہیں۔ ایڈیشنل کلکٹر نے اس سلسلے میں کہا کہ وہ معاملات دیکھیں گے اور اس کو مزید بہتر بنائیں گے۔

# 41 ہزار کے بجائے 15 ہزار ڈالر فریٹ ظاہر کرنے پر امپورٹرز کے خلاف ایف آئی آر درج

کراچی (پیپر بزنس نیوز) ماڈل کسٹم کلکٹریٹ اپریزمنٹ ایسٹ نے میسرز اکمل پرنٹ ہاؤس اور میسرز کامل سنز پرائیویٹ لمیٹڈ کے ساتھ ساتھ کلیئرنگ ایجنٹ میسرز سگیٹ انٹرنیشنل کے خلاف سرکاری ریونیو سے بچنے کے لیے جعلی فریٹ میمو جمع کرانے کے الزام میں ایف آئی آر درج کرادی ہے۔ میسرز اکمل پرنٹ ہاؤس اور میسرز کامل اینڈ سنز نے اپنے مجاز کلیئرنگ ایجنٹ میسرز سگیٹ انٹرنیشنل کے ذریعے جی ڈی فائل کی جس میں خود چپکنے والے (Self Adhesive) اسٹیکر پیپر اور فلم کی ریلیں 2/S کوٹڈ پیکیجنگ بورڈ ظاہر کی تھیں اور ان کی ویلیو بالترتیب 810، 840، 2014 اور 4190 ڈالر فی ٹن ظاہر کیں اور اسے گرین چینل کے ذریعے کلیئر کیا گیا۔ اس کے بعد بعض موصولہ شکایات پر کلکٹر اپریزمنٹ ایسٹ عامر تھائم کے ذریعے ایڈیشنل کلکٹر عمران سجاد بخاری نے تحقیقات کیں جس میں جعلی اور من گھڑت فریٹ میمو پیش کرنے پر کنسائنمنٹس کی کلیئرنس کے طریقہ کار کا انکشاف کیا گیا تھا۔ جس کی صداقت کی تصدیق کے لیے اسسٹنٹ کلکٹر راحت نسیم نے پرنسپل اپریزر آر اینڈ ڈی عاشق میمن اور اپریزنگ آفیسر غنی سومرو پر مشتمل ایک ٹیم تشکیل دی۔ جس نے متعلقہ شپنگ لائن سے تصدیق کے لیے درآمد کنندگان اور کلیئرنگ ایجنٹ سے فریٹ میمو طلب کیے۔ اس کے جواب میں، درآمد کنندہ نے سی گولڈ (پرائیوٹ) لمیٹڈ کی طرف سے 40×5 فٹ کنٹینرز، 40×2- فٹ کنٹینرز، 40×2- فٹ کنٹینرز اور 40×1- فٹ کے کنٹینر کے لئے 7500، 2700، 1600 اور 3000 ڈالر کا فریٹ میمو فراہم کیا۔ تحقیقاتی کمیٹی نے بعد ازاں اسے متعلقہ شپنگ لائن کو بھیج دیا گیا تا کہ صداقت کی تصدیق ہو سکے۔ نوٹس کے جواب میں، شپنگ لائن نے تصدیق کی کہ مال برداری کی رقم 5,600، 8,750، 22,250 اور 4,650 ڈالر درآمد کنندگان نے ادا کی ہے۔ اس طرح امپورٹرز کے ظاہر کردہ فریٹ کی مجموعی مالیت 14800 ڈالر کے مقابلے میں شپنگ کمپنی نے 41250 ڈالر کی وصولی کی تصدیق کی اور امپورٹرز کو 26450 ڈالر کی فریٹ کی مس ڈیکلیریشن کا مرتکب پایا گیا۔ اس بات کی تصدیق کی گئی ہے کہ درآمد کنندگان نے کسٹم حکام کو دھوکہ دیا تھا اور جعلی/جعلی فریٹ میمو کے خلاف سامان کو کلیئر کرنے میں کامیاب ہو گئے تھے۔ درآمد کنندہ نے 2.95 ملین روپے کی جائز ڈیوٹی اور ٹیکس سے بچایا تھا۔ اشیا کی قیمت 5.91 ملین روپے تھی۔ ایک عہدیدار کے مطابق کہ کلکٹر امیر تھائم کی قیادت میں ایم سی سی اپریزمنٹ ایسٹ ٹیم جس میں اعلیٰ افسران بشمول ایڈیشنل کلکٹر عمر شفیق، ایڈیشنل کلکٹر محمد معظم اور ایڈیشنل کلکٹر مشتاق شاہانی شامل ہیں، مختلف حربوں کے ذریعے ریونیو کی چوری کا پتہ لگانے میں کافی حد تک موثر رہی ہے۔ حال ہی میں اپریزمنٹ اسٹاف نے الیکٹرک بسوں کی درآمد پر ریونیو کی چوری کا پتہ لگایا، ساتھ ہی ساتھ غلط اعلان اور بعد ازاں دوا سازی کی صنعت کی طرف سے بعض سامان کی درآمد پر ریکوری کی ہے۔

# دو مزید بڑے امپورٹرز کے خلاف بھی تحقیقات جاری

کراچی (پیپر بزنس نیوز) فریٹ کی مس ڈیکلریشن کے سلسلے میں مقامی پیپر امپورٹرز ایک پرنٹرز اور کلیئرنگ ایجنٹ کے خلاف ایف آئی آر کے اندراج کے بعد کسٹم کے ساتھ ساتھ اسٹیٹ بینک کا فارن ایکس چینج ڈپارٹمنٹ بھی متحرک ہو گیا ہے اور ڈالرز کی غیر قانونی طور پر شپنگ کمپنیوں کو ترسیل کی تحقیقات کر رہا ہے اس سلسلے میں معلوم ہوا ہے کہ پیپر مارکیٹ کے دو امپورٹرز کے خلاف اسٹیٹ بینک نے تحقیقات بھی شروع کر دی ہیں جس کی روشنی میں جلد کارروائی کا بھی امکان ہے۔

# ایک ماہ میں لاکھوں ڈالر کی اسمگلنگ کرنے کی کوشش ناکام

اسلام آباد (مانیٹرنگ ڈیسک) فیڈرل بورڈ آف ریونیو (ایف بی آر) کے ماتحت ادارے پاکستان کسٹمز کی کرنسی اسمگلنگ کی روک تھام کے لئے کارروائیاں کرتے ہوئے گذشتہ ایک ماہ کے دوران لاکھوں ڈالر کی غیر ملکی کرنسی بیرون ملک سمگل کرنے کی کوششیں ناکام بنانے کا انکشاف ہوا ہے۔ پاکستان کسٹمز کے ماتحت اداروں کلکٹریٹ انفورسمنٹ اسلام آباد، کوئٹہ اور پشاور نے اسمگلروں سے برآمد ہونیوالی غیر ملکی کرنسی ضبط کرلی، کلکٹریٹ کسٹمز انفورسمنٹ پشاور نے نومبر 2022 کے دوران غیر ملکی کرنسی کی سمگل کے 7 کیس پکڑے۔ کلکٹریٹ کسٹمز انفورسمنٹ پشاور نے نومبر میں 94 ہزار 358 ڈالر کی غیر ملکی کرنسی پکڑی ،کلکٹریٹ کسٹمز انفورسمنٹ کوئٹہ نے نومبر کے دوران غیر ملکی کرنسی کی اسمگل کا 1 کیس پکڑا، کلکٹریٹ کسٹمز انفورسمنٹ کوئٹہ نے نومبر میں 1 کروڑ 42 لاکھ روپے مالیت کی غیر ملکی کرنسی پکڑی ہے۔






یہ شمارہ 70 گرام IK-035 برانڈ آفسیٹ پیپر، انڈونیشیا پر شائع کیا گیا ہے، انتہائی مناسب قیمت پر دستیاب ہے، بکنگ کیلئے رابطہ کریں: IBM فون نمبر 725-426-111

# A4 پیپر کی درآمد میں ڈیوٹی وٹیکسز کو چوری رکوائی جائے، محمد اسلم جیلانی کا مطالبہ

## کسٹم ڈیٹا کے مطابق جمال اینڈ برادرز اسلام آباد 1220 ڈالر کا A4 سائز آفسیٹ پیپر 854 ڈالر میں کلیئر کرا رہا ہے

## 25 لاکھ فی کنٹینر نقصان ہو رہا ہے، سلمان پیپر پروڈکٹس، کراچی کا چیئرمین اپیما کے نام خط

کراچی (پیپر بزنس نیوز) سلمان پیپر پروڈکٹس (پرائیویٹ) لمیٹڈ کے محمد اسلم جیلانی نے چیئرمین آل پاکستان پیپر مرچنٹس ایسوسی ایشن ملک احد امین اور سینئر وائس چیئرمین محمد انیس کے نام ایک خط میں ان سے مطالبہ کیا ہے کہ A4 سائز کے آفسیٹ پیپر کی درآمد میں مس ڈیکلریشن کے ذریعے ڈیوٹی وٹیکسز کی چوری کو روکنے کے لئے فوری کسٹم سے رجوع کیا جائے۔ انہوں نے کہا ہے کہ انڈونیشیا سے درآمد ہونے والے A4 سائز آفسیٹ پیپر کاپی پیپر برانڈ میں بڑے پیمانے پر انڈر انوائسنگ ہو رہی ہے اور اس کا ثبوت کسٹم ڈیٹا ہے جس کے مطابق اسلام آباد کی میسرز جمال اینڈ برادرز نام کی ایک فرم ملوث ہے جو "کاپی پیپر" برانڈ نام انڈونیشیا سے 70 اور 80 گرام A4 سائز، میسرز اپریل انٹر نیشنل انٹر پرائزز پرائیوٹ لمیٹڈ سنگاپور کی معرفت درآمد کر رہی ہے۔ میسرز جمال اینڈ برادرز اس کی سی اینڈ ایف ویلیو 854 ڈالر فی ٹن ظاہر



چیئرمین بزنس مین پینل آل پاکستان پیپر مرچنٹس محمد سلیم بیکیا نے 6 دسمبر کو پشاور میں نیاز احمد سے ملاقات کی۔ انہوں نے اپنے دورہ پشاور میں نیاز احمد کے صاحبزادے کی شادی میں خصوصی طور پر شرکت بھی کی

کر رہی ہے جو کہ کسٹم کے ڈیٹا میں بھی ظاہر ہو رہا ہے جبکہ اس وقت آفسیٹ پیپر کی دیگر ایسی ہی برانڈ جو انڈونیشیا سے آ رہی ہیں اس کی مارکیٹ ویلیو 1200 تا 1220 ڈالر فی ٹن ہے اور اسی مل نے پاکستان میں دیگر امپوٹرز کو 1220 ڈالر فی ٹن کے حساب سے یہی مال فروخت کیا ہے جو کسٹم کی ریکارڈ میں بھی موجود ہے۔ اس طرح میسرز جمال اینڈ برادرز نہ صرف قومی خزانے کو بھاری نقصان پہنچا رہا ہے بلکہ پیپر مارکیٹ کے کراچی و لاہور کے دیگر امپورٹرز ان کا مارکیٹ میں مقابلہ نہیں کر پا رہے ہیں اور انہیں شدید مالی نقصان کا سامنا کرنا پڑ رہا ہے۔ اسلم جیلانی نے کہا کہ مس ڈیکلیریشن کے ذریعے ان درآمدات کے نتیجے میں مقامی کاغذ مینوفیکچررز امپورٹرز پر ڈمپنگ کا الزام لگا کر اس پر اینٹی ڈمپنگ ڈیوٹی بھی نافذ کرانے کی کوششیں کر رہے ہیں جس سے ایک اچھی تجارت کو شدید نقصان ہوگا۔ اسلم جیلانی نے چیئرمین کی توجہ مبذول کراتے ہوئے کہا کہ A4 سائز فوٹو کاپی پیپر کے امپورٹرز پہلے ہی تیزی سے بڑھتی ہوئی درآمدی قیمتوں، بینکوں کی جانب سے زائد ایکس چینج شرح پر کلیئر کرائے گئے کنسائنمٹ، موجودہ مارکیٹ میں مندی کی صورتحال کے باعث طلب میں کمی اور رسد میں اضافے سے بھاری مالی نقصانات کا سامنا کر رہے ہیں اور اس انڈر انوائسنگ کے باعث وہ مزید دیوالیہ کی طرف جا رہے ہیں اور جن کے نتیجے میں صحیح قیمتوں پر درآمد کرنے والے امپورٹرز اس وقت 20 فٹ کے ایک کنٹینر پر تقریباً 25 لاکھ روپے فی کنٹینر کا نقصان اٹھا رہے ہیں اور اس بدعنوانی نے ان کی مزید کمر توڑ دی ہے۔ انہوں نے کہا کہ اس صورتحال سے وہ پہلے ہی ذاتی طور پر متعدد بار آگاہ کر چکے ہیں اور اس کے ساتھ ساتھ انڈر انوائس قیمتوں کی کمرشل انوائس بھی ارسال کر دی تھیں۔ انہوں نے درخواست کی کہ کسٹم ڈیٹا کے مطابق اور منسلکہ کمرشل انوائسز کی روشنی میں اپیما کسٹم سے درخواست کرے کہ وہ میسرز جمال اینڈ برادرز کو "ریڈ چینل" میں شامل کرے اور اس سے سرکاری خزانے کو پہنچنے والے نقصان کو وصول کرنے کے لئے کارروائی کرے اور اس فرم کے خلاف اینٹی منی لانڈرنگ ایکٹ 2010 کے تحت بھی کارروائی عمل میں لائی جائے۔ انہوں نے کہا کہ یہ چیئرمین اپیما کی ذمہ داری ہے کہ وہ ٹریڈ کو بچانے کے لئے فوری اقدامات کرے۔ اسلم جیلانی نے کہا کہ میں واضح کر دوں کہ حال ہی میں کسٹم نے چند امپورٹرز کو مس ڈیکلیریشن پر شوکاز جاری کئے ہیں اور ان سے تقریباً 96 کروڑ روپے کی ڈیمانڈ کی ہے اور وہ اب امپورٹرز ایف آئی آر سے بچنے کے لئے تگ و دو کر رہے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ اگر اپیما نے اس سلسلے میں اقدام نہیں اٹھایا تو کراچی و لاہور کے 10 سے زائد امپورٹرز ان کے خلاف براہ راست کسٹم میں شکایات بمع ثبوت کے ارسال کر دیں گے جس سے پیپر امپوٹرز کی ساکھ بھی بری طرح متاثر ہو گی اور اینٹی ڈمپنگ کے کیسز میں اپیما کو سبکی اٹھانا پڑے گی۔ محمد اسلم جیلانی نے چیئرمین اور سینئر وائس چیئرمین سے امید کی ہے کہ وہ فوری ایکشن لیں گے اور ٹریڈ کو نقصان سے بچائیں گے۔



سلمان پیپر پروڈکٹس (پرائیویٹ) لمیٹڈ کو پاکستان ریٹنگ ایجنسی PACRA کی جانب سے طویل مدتی میں BBB اور مختصر مدتی میں A2 کی ریٹنگ کا سرٹیفکیٹ، کمیٹی کا نمائندہ محمد اسلم جیلانی کو دے رہا ہے۔






## پیپر مارکیٹ کے بینکوں کے ایل سی کھولنے میں تاخیری حربے

کراچی (پیپر بزنس نیوز) پیپر مارکیٹ کے امپورٹرز نے ملک کی زر مبادلہ کی تشویش ناک صورت حال کے حوالے سے ہمارے نمائندے کو بتایا ہے کہ پیپر مارکیٹ میں قائم تمام بینک حیلے بہانوں سے ایل سی کھولنے میں زیادہ سے زیادہ تاخیر کر رہے ہیں اور گزشتہ ہفتے بھی متعدد انڈنٹ ایل سی کھولے بغیر واپس کر دیئے گئے۔ اور دوسری طرف درآمد کنندگان بالخصوص ادرک، لہسن اور دیگر اشیا درآمد کرنے والوں کا کہنا ہے کہ بینک اپنے وعدے کے مطابق ان برآمد کنندگان کو ادائیگی نہیں کر رہے جس سے سیکڑوں کنٹینر پورٹ قاسم اور کراچی پورٹ پر کلیئر نہیں ہو رہے ہیں۔ جس سے نہ صرف پاکستان کی بیرون ملک ساکھ بری طرح متاثر ہو رہی ہے بلکہ درآمد کنندگان کو بھی بھاری مالی نقصان کا سامنا کرنا پڑ رہا ہے۔




یہ شمارہ 70 گرام IK-035 برانڈ آفسیٹ پیپر، انڈونیشیا پر شائع کیا گیا ہے، انتہائی مناسب قیمت پر دستیاب ہے، بکنگ کیلئے رابطہ کریں: IBM فون نمبر 725-426-111

IBM

&

OOCL
Shipping Line

# CONGRATULATIONS

IBM has always been at your service providing pathways to increase profit and reduce the cost of doing business.

We are glad to annouce that our customers will not have to pay container deposit anymore.



Printed on NEVIA Gloss- Art Paper, China, 113 Gsm, Contact For Booking IBM: 111-426-725

IBM

&

APL

Shipping Line

# CONGRATULATIONS

IBM has always been at your service providing pathways to increase profit and reduce the cost of doing business.

We are glad to annouce that our customers will not have to pay container deposit anymore.



Printed on NEVIA Gloss- Art Paper, China, 113 Gsm, Contact For Booking IBM: 111-426-725

# آفسیٹ آئی کے، اسٹیکر اور فوٹو کاپی پیپر کی قیمتوں میں اضافہ، بلیچ بورڈ کی قیمتوں میں کمی

کراچی (پرائس سروے رپورٹ) کراچی پیپر مارکیٹ میں کاروباری سرگرمیوں میں اس ہفتے تیزی دیکھی گئی اور 7 دسمبر 2022 کو ختم ہونے والے ہفتہ کو مارکیٹ سے موصولہ اطلاعات کے مطابق ہول سیل مارکیٹ میں انڈونیشین آفسیٹ پیپر آئی کے اور ریل کٹ، اسٹیکر پیپر گولڈن ٹیک جی ایس ایف، پاور ٹیک چائنا، لیبل ٹیک چائنا اور فوٹو کاپی پیپر کے مختلف برانڈز کی قیمتوں میں اضافہ دیکھنے میں آیا۔ جبکہ درآمدی بلیچ بورڈ چائنا اور انڈونیشیا کی قیمتوں میں کمی ریکارڈ کی گئی۔ مقامی آفسیٹ پیپر فائیو اسٹار میں کمی بیشی دیکھنے میں آئی۔ دیگر پیپر و پیپر بورڈ کے برانڈز کی قیمتوں میں استحکام رہا۔ پیپر و پیپر بورڈ کے جن برانڈز میں اس ہفتے جو ردوبدل ہوا اس کی تفصیلی رپورٹ قارئین کے لئے پیش خدمت ہے۔

ہول سیل مارکیٹ میں صورتحال یہ رہی کہ درآمدی بلیچ بورڈ ننگبو گولڈ چائنا ریلز تمام سائز تمام گرام 322 روپے سے کم ہو کر 320 روپے فی کلو ہوگئی ہیں۔ درآمدی بلیچ بورڈ ریئل شیٹس 325 روپے سے کم ہو کر 315 روپے فی کلو ہوگیا ہے۔ بلیچ بورڈ چینمنگ چائنا ریلز تمام سائز تمام گرام 328 روپے سے کم ہو کر 315 روپے فی کلو ہوگئی ہیں۔ بلیچ بورڈ پنڈو ڈیلی انڈونیشیا شیٹس تمام سائز تمام گرام، 315 روپے سے کم ہو کر 310 روپے فی کلو ہوگئی ہیں۔ درآمدی آفسیٹ پیپر آئی کے 035 انڈونیشیا تمام سائز تمام گرام، 390 روپے سے بڑھ کر 395 روپے فی کلو ہوگیا ہے۔ آئی کے 035 مشین / ریل کٹ 70، 75 اور 80 گرام، 385 روپے سے بڑھ کر 390 روپے فی کلو ہوگیا ہے۔ مقامی آفسیٹ پیپر فائیو اسٹار اینڈ لیول اپ، تمام سائز 52 گرام، 195 روپے سے کم ہو کر 190 روپے، تمام سائز 60 گرام، 210 روپے سے بڑھ کر 220 روپے فی کلو ہوگیا ہے۔ فوٹو کاپی پیپر انڈونیشیا پی سی براؤن 70 گرام، 880 روپے سے بڑھ کر 920 روپے فی پیکٹ ہوگیا ہے۔ بی ایل سی 70 گرام، 880 روپے سے بڑھ کر 920 روپے فی پیکٹ ہوگیا ہے۔ آئی کے کاپی لوگو 70 گرام، 870 روپے سے بڑھ کر 930 روپے فی پیکٹ ہوگیا ہے۔ آریا 70 گرام، 870 روپے سے بڑھ کر 900 روپے فی پیکٹ ہوگیا ہے۔ میرم دبئی 70 گرام، 870 روپے سے بڑھ کر 880 روپے فی پیکٹ ہوگیا ہے۔ کاپی پیپر دبئی 70 گرام، A4 سائز 870 روپے سے بڑھ کر 890 روپے فی پیکٹ ہوگیا ہے۔ اسٹیکر پیپر گولڈن ٹیک GSF انڈونیشیا، 20x30 سائز، 2825 روپے سے بڑھ کر 2850 روپے فی پیکٹ ہوگیا ہے۔ اسٹیکر پیپر پاور ٹیک چائنا 20x30 سائز، 2780 روپے سے بڑھ کر 2825 روپے فی پیکٹ ہوگیا ہے۔ اسٹیکر پیپر لیبل ٹیک چائنا 20x30 سائز، 2900 روپے سے بڑھ کر 2950 روپے فی پیکٹ ہوگیا ہے۔

## سندھ ریونیو بورڈ کو نومبر میں 13.50 ارب روپے وصول

کراچی (نیوز ڈیسک) سندھ ریونیو بورڈ نے نومبر 2022 میں 50.13 ارب روپے وصول کئے ہیں، جو کہ گذشتہ نومبر کی نسبت 23 فیصد زیادہ ہے، وزیر اعلی سندھ سید مراد علی شاہ نے نومبر کے دوران سندھ ریونیو بورڈ کے وصولی میں 23 فیصد اضافہ کو خوش آئندہ قرار دیتے ہوئے ایس آر بی کو اس کامیابی پر مبارکباد دی۔



ممبر مینیجنگ کمیٹی لاہور چیمبر اور سابق سینئر وائس چیئرمین آل پاکستان پیپر مرچنٹس ایسوسی ایشن خامس سعید بٹ نے ایڈیشنل آئی جی پنجاب اور سی پی او لاہور غلام محمود ڈوگر سے ان کے دفتر میں 7 دسمبر 2022 کو ملاقات کی اور ان سے لاہور چیمبر میں ٹریفک لائسنس ٹیسٹ دوبارہ شروع کرانے پر بات چیت کی

## پاک ایران تجارتی معاہدے کے معطل 100 ٹیرف بحال

کراچی (بزنس ڈیسک) پاک ایران ترجیحی تجارتی معاہدے کے 100 ٹیرف کوڈز بحال کر دیا گیا۔ ایران اور پاکستان کے درمیان ترجیحی تجارت کو فعال کرنے کی تفصیلات کے بارے میں ٹریڈ ڈیولپمنٹ آرگنائزیشن کے شعبہ برصغیر کے محکمہ کے سربراہ محمد صادق قنادزادہ نے کہا کہ ایران اور پاکستان کے درمیان ترجیحی تجارت کا معاہدہ 2004 سے ہوا ہے لیکن 2017 میں یہ معاہدہ پابندیوں کی خاطر دونوں ممالک کے درمیان تجارت کیلیے 2 ہزار سے زائد متفقہ اشیا کی، درآمدات اور برآمدات پر پابندی لگادی گئی تھی۔ انہوں نے مزید کہا کہ ایران کی جانب سے ان اشیا کی درآمد پر پابندی پاکستانی حکام کے عدم اطمینان اور تشویش کا سبب بنی۔ دوسری جانب معاہدے کے مطابق داخلی پابندیوں سے دونوں ممالک کے درمیان ترجیحی تجارت کو نقصان نہیں پہنچنا چاہیے تھا۔ برصغیر کے ٹریڈ ڈیولپمنٹ آرگنائزیشن کے محکمہ کے سربراہ نے مزید کہا اس کی بنیاد پر 317 ٹیرف کوڈز میں سے 100 ٹیرف کوڈز جن پر پابندی لگی تھی اب ان سے مکمل پابندی اٹھا کر اصل معاہدے میں واپس کر دی گئی۔


CARBONLESS
WHITE & COLOUR
24 X 34 23 X 36

CB + CFB + CF CARD

Colour Cards

COPY PAPER A4

CHAND TRADERS

Karachi Office: 1-AL Mohsin Building,
Tayyabji Road, Karachi. 74200.
Tel: 32627311 - 32627411

Lahore Office: 44-Zulqarnain Chambers,
Ganpat Road, Lahore. 54000
Tel:37232889 - 37248501
Fax: 37227826
E-mail: chandtraders92@gmail.com





یہ شمارہ 70 گرام IK-035 برانڈ آفسیٹ پیپر، انڈونیشیا پر شائع کیا گیا ہے، انتہائی مناسب قیمت پر دستیاب ہے، بکنگ کیلئے رابطہ کریں: IBM فون نمبر 725-426-111

# آئی ایم ایف کی مدد، پاکستان کے لیے مشکلات میں اضافہ

اسلام آباد (نیوز ڈیسک) انٹرنیشنل مانیٹری فنڈ (آئی ایم ایف) نے پاکستان کو بے آسرا چھوڑ دیا ہے جس نے پاکستان کے اقتصادی منتظمین کے لیے فنڈ کی حمایت کی عدم موجودگی میں معیشت کو بحرانی موڈ سے نکالنے کے لیے ایک قابل عمل راستہ اختیار کرنا مشکل بنا دیا ہے۔ ملک کے سیاسی و اقتصادی افق پر بڑھتی ہوئی سیاسی غیر یقینی صورتحال کے درمیان آئی ایم ایف 'انتظار کرو اور دیکھو' کی پالیسی پر ایک ایسے وقت میں چل پڑا ہے جب اسٹیٹ بینک آف پاکستان (ایس بی پی) کے پاس غیر ملکی کرنسی کے ذخائر سپر سونک رفتار سے کم ہو رہے ہیں۔ 25 نومبر 2022 کو ختم ہونے والے ہفتے کے دوران بیرونی قرضوں کی ادائیگی کی وجہ سے اسٹیٹ بینک کے ذخائر میں 327 ملین ڈالر کی کمی ہوئی اور 7.49 ارب ڈالرز رہ گئے۔ اگرچہ اسٹیٹ بینک کو اے آئی آئی بی کے قرض کی مد میں 500 ملین ڈالر موصول ہوئے، اسے سکوک بانڈ کی میچورٹی کی وجہ سے 1 ارب ڈالرز واپس کرنا ہوں گے۔ اس طرح اسٹیٹ بینک کے ذخائر حقیقت میں 9 دسمبر 2022 تک تقریباً 7 ارب ڈالرز رہیں گے۔ ایسی تشویشناک صورتحال میں آئی ایم ایف نے ابھی تک 7 ارب ڈالرز کے توسیعی فنڈ سہولت (ای ایف ایف) پروگرام کے تحت زیر التواء نویں جائزے کو طے کرنے کے لیے اپنا پختہ شیڈول نہیں دیا ہے۔ موجودہ ای ایف ایف پروگرام عجیب و غریب رہا کیونکہ پہلی بار یہ دیکھا گیا کہ آئی ایم ایف نے بیرونی محاذ پر مالیاتی فرق کو پر کرنے کے لیے پاکستان کے اقتصادی منتظمین کے کندھوں پر ذمہ داری ڈالی۔ آئی ایم ایف پروگرام کے تحت وصول کنندہ ملک کی بیرونی شعبے کی ضروریات کا انتظام کرنا آئی ایم ایف کی ذمہ داری ہے۔ گزشتہ سالوں میں آئی ایم ایف پروگرام سے نمٹنے والے اعلیٰ عہدیدار نے بتایا کہ آئی ایم ایف نے پاکستان کو مشکل ترین حالات میں چھوڑا جو قابل فہم نہیں۔ جب کسی بھی ملک کو ادائیگیوں کے توازن میں مشکلات کا سامنا ہوتا ہے تو وہ آئی ایم ایف سے رجوع کرتا ہے۔ پاکستان نے بھی ایسا ہی کیا لیکن آئی ایم ایف اسلام آباد کو بچانے میں ہچکچاہٹ کا مظاہرہ کر رہا ہے، یوں اسے مکمل دیوالیہ پن کی جانب دھکیل رہا ہے۔ آئی ایم ایف جانتا تھا کہ پاکستانی حکام کے پاس قابل عمل نظر ثانی شدہ میکرو اکنامک اور مالیاتی فریم ورک وضع کرنے کی صلاحیت نہیں ہے تو پھر آئی ایم ایف دونوں فریقوں کے لیے قابل قبول دستاویزات کیوں تیار نہیں کر رہا۔ کیا آئی ایم ایف ملک کو ڈیفالٹ کے دہانے پر دھکیلنا چاہتا ہے اور پھر جب ملک گھٹنوں کے بل جھک جائے تو اسے مدد فراہم کرنا چاہتا ہے؟ کیا آئی ایم ایف امریکہ اور مغربی دنیا کے غلط رخ پر کھڑے ہونے پر پاکستان کو سزا دینے کے لیے سیاسی طور پر طے شدہ ایجنڈے پر عمل پیرا ہے؟ اگر پاکستانی حکام معاشی بدحالی کے ذمہ دار ہیں تو پھر آئی ایم ایف بھی اتنا ہی ذمہ دار ہے جیسا کہ ملک نے اپنے قیام کے بعد سے 23 پروگراموں پر دستخط کیے لیکن میکرو اکنامک عدم استحکام کو دور کرنے میں ناکام رہا۔

## 5 ماہ میں برآمدات میں 3 فیصد اور درآمدات میں 32.98 فیصد کی کمی ریکارڈ

اسلام آباد (بزنس ڈیسک) ملک کے تجارتی خسارہ میں جاری مالی سال کے پہلے 5 ماہ میں سالانہ بنیادوں پر 30 فیصد کی کمی ریکارڈ کی گئی ہے، مالی سال کے پہلے پانچ ماہ میں ملکی برآمدات میں سالانہ بنیادوں پر 3 فیصد اور درآمدات میں 32.98 فیصد کی کمی دیکھنے میں آئی ہے۔ پاکستان بیورو برائے شماریات کی جانب سے اس حوالہ سے جاری کردہ اعداد وشمار کے مطابق جولائی سے لیکر نومبر تک کی مدت میں تجارتی خسارہ کا حجم 14.41 ارب ڈالر ریکارڈ کیا گیا جو گزشتہ مالی سال کی اسی مدت کے مقابلہ میں 30 فیصد کم ہے، گزشتہ مالی سال کی اسی مدت میں تجارتی خسارہ کا حجم 20.62 ارب ڈالر ریکارڈ کیا گیا تھا، نومبر میں تجارتی خسارہ کا حجم 2.88 ارب ڈالر ریکارڈ کیا گیا جو اکتوبر کے مقابلہ میں 24 فیصد زیادہ اور گزشتہ سال نومبر کے مقابلہ میں 42 فیصد کم ہے، اکتوبر میں پاکستان کے تجارتی خسارہ کا حجم 2.33 ارب ڈالر اور گزشتہ سال نومبر میں 5 ارب ڈالر ریکارڈ کیا گیا تھا۔ اعداد وشمار کے مطابق جاری مالی سال کے پہلے 5 ماہ میں ملکی برآمدات میں سالانہ بنیادوں پر 3 فیصد کی کمی ریکارڈ کی گئی ہے، جولائی سے نومبر تک کی مدت میں ملکی برآمدات کا حجم 11.93 ارب ڈالر ریکارڈ کیا گیا جو گزشتہ مالی سال کی اسی مدت میں 12.36 ارب ڈالر تھا۔ نومبر میں ملکی برآمدات کا حجم 2.37 ارب ڈالر ریکارڈ کیا گیا جو اکتوبر کے مقابلہ میں ایک فیصد کم اور گزشتہ سال نومبر کے مقابلہ میں 18 فیصد کم ہے، اکتوبر میں ملکی برآمدات کا حجم 2.38 ارب ڈالر اور گزشتہ سال نومبر میں 2.90 ارب ڈالر ریکارڈ کیا گیا تھا۔ اعداد وشمار کے مطابق جاری مالی سال کے پہلے 5 ماہ میں ملکی درآمدات میں سالانہ بنیادوں پر 20 فیصد کی کمی ریکارڈ کی گئی ہے۔ جولائی سے نومبر 2022 تک کی مدت میں ملکی درآمدات کا حجم 26.34 ارب ڈالر ریکارڈ کیا گیا جو گزشتہ مالی سال کی اسی مدت میں 32.98 ارب ڈالر تھا، نومبر میں ملکی درآمدات پر 5. 25 ارب ڈالر کا زرمبادلہ صرف ہوا جو اکتوبر کے مقابلہ میں 11 فیصد زیادہ اور گزشتہ سال نومبر کے مقابلہ میں 34 فیصد کم ہے، اکتوبر میں ملکی درآمدات کا حجم 4.71 ارب ڈالر اور گزشتہ سال نومبر میں 7.90 ارب ڈالر ریکارڈ کیا گیا تھا۔

## ڈالر کی قیمت جلد نیچے آئے گی، اسحاق ڈار کا اصرار جاری

کراچی (بزنس ڈیسک) وفاقی وزیر خزانہ اسحاق ڈار نے ڈالر 200 روپے سے نیچے لانے کے بیان سے پیچھے ہٹتے ہوئے کہا ہے کہ ڈالر کا ریٹ فکس نہیں کر سکتے، اس کی قیمت جلد نیچے آئے گی۔ تمام سیاسی جماعتوں کا فرض ہے ملک میں سیاسی استحکام لے کر آئیں۔ ذرائع ابلاغ کے نمائندوں سے بات چیت کرتے ہوئے وزیر خزانہ نے کہا کہ سیاسی استحکام نہ ہوا تو اس کے نتائج بہت اچھے نہیں ہوں گے، سب سے پہلے ریاست ترجیح ہونی چاہیے۔ ملکی ڈیفالٹ کے حوالے سے بے بنیاد خبریں چل رہی ہیں۔ اسحاق ڈار نے کہا کہ توقع تھی کہ ڈالر 200 روپے پر آئے گا، ڈالر کا ریٹ فکس نہیں کر سکتے۔ اس وقت ڈالر کی قیمت 222 اور 224 کے درمیان ہے، اس وقت بہت زیادہ مسائل ہیں۔ انہوں نے کہا کہ ڈالر افغانستان اسمگل ہو رہا ہے۔ اسمگلنگ کو روکنے کی کوشش کر رہے ہیں۔ ڈالر کی قیمت جلد نیچے آئے گی۔ ایک سوال کے جواب میں انہوں نے مزید کہا کہ ملکی ڈیفالٹ کے حوالے سے بے بنیاد خبریں چل رہی ہیں، آج تک پاکستان نے ڈیفالٹ کیا ہے نہ آئندہ ہو گا۔ اس سے بھی زیادہ مشکل وقت ملک پر آئے ہیں، ماضی میں معاشی پابندیاں کا بھی سامنا کر چکے ہیں، جو ڈیفالٹ کرنے کے بارے میں بیان دیتے ہیں، ان کو سوچنا چاہیے کہ وہ ملکی مفاد کی کتنی خدمت کر رہے ہیں۔

## ٹیکس گوشوارے جمع کرانے کی تاریخ میں توسیع

اسلام آباد (بزنس ڈیسک) فیڈرل بورڈ آف ریونیو (ایف بی آر) نے انکم ٹیکس گوشوارے جمع کرانے کی تاریخ میں تیسری بار توسیع کر دی۔ 15 دسمبر تک کا وقت مختلف تجارتی اداروں، ٹیکس بار ایسوسی ایشنز کی درخواستوں کو مدنظر رکھتے ہوئے ڈیڈ لائن میں توسیع کی گئی ہے۔ اس بات کا اعلان وفاقی وزیر خزانہ اسحاق ڈار نے ایک ویڈیو پیغام کے ذریعے کیا، واضح رہے کہ یہ تیسری توسیع ہے۔ اس سے قبل بورڈ نے 31 اکتوبر تک افراد اور کمپنیوں کے لیے انکم ٹیکس جمع کرانے کی تاریخ میں توسیع کی تھی۔ تاہم، مسلسل درخواستوں کی وصولی کے بعد وزارت خزانہ نے تاریخ میں 30 نومبر تک توسیع کا فیصلہ کیا تھا۔ ٹیلیویژن پیغام کے دوران، وزیر خزانہ نے لوگوں پر زور دیا کہ وہ اپنے ٹیکس گوشوارے جمع کرائیں تا کہ کسی بھی قسم کی پریشانی سے بچا جا سکے۔



یہ شمارہ 70 گرام IK-035 برانڈ آفسیٹ پیپر، انڈونیشیا پر شائع کیا گیا ہے، انتہائی مناسب قیمت پر دستیاب ہے، بکنگ کیلئے رابطہ کریں: IBM فون نمبر 725-426-111

# ملک میں گوگل سروسز بند ہونے کا خطرہ ٹل گیا، وزارت خزانہ نے ادائیگی جاری رکھنے کی حامی بھر لی، امین الحق

وفاقی وزارت خزانہ نے وزیر برائے انفارمیشن ٹیکنالوجی امین الحق کی تجویز مانتے ہوئے گوگل کو ادائیگی پر رضامندی ظاہر کردی۔ واضح رہے کہ گزشتہ دنوں سامنے آنے والی بعض رپورٹس میں کہا گیا تھا کہ پاکستان میں یکم دسمبر 2022 سے موبائل فونز کے ذریعے پیڈ گوگل ایپلی کیشنز اور دیگر سروسز ڈاؤن لوڈ کرنے کی سہولت دستیاب نہیں ہوگی۔ یکم دسمبر کو وزیر آئی ٹی امین الحق نے اپنے ایک جاری بیان میں کہا کہ وزارت خزانہ نے وزارت آئی ٹی کی تجویز مان لی ہے، وزارت خزانہ گوگل کو ادائیگی کرنے پر راضی ہوگئی ہے جس کے بعد ادائیگی شیڈول کے مطابق کی جاسکیں گی۔ جاری بیان میں بتایا گیا ہے کہ وزیر آئی ٹی و ٹیلی کمیونیکیشن امین الحق سے معاون خصوصی برائے خزانہ طارق باجوہ نے رابطہ کیا۔ ٹوئٹر پر جاری اپنے بیان میں وزیر آئی ٹی نے کہا کہ پیڈ گوگل ایپس بند نہیں ہوں گی، اسٹیٹ بینک کو ایک ماہ تک پالیسی پر عملدرآمد مؤخر کرنے کی ہدایات جاری کردی، ٹیلی کام آپریٹرز کو ادائیگیوں کے طریقہ کار پر عمل درآمد کے لیے ایک ماہ کا وقت دے دیا گیا۔ امین الحق نے کہا کہ ایک ماہ کے اندر وزارت آئی ٹی، خزانہ اور اسٹیٹ بینک باہمی مشاورت سے لائحہ عمل مرتب کریں گے، ٹیلی کام آپریٹرز نے وزارت آئی ٹی سے معاملے پر معاونت کی اپیل کی تھی، وزیر خزانہ اسحٰق ڈار کو ادائیگیاں کرنے اور ٹائم فریم دینے کے لیے مراسلہ لکھا تھا، بروقت فیصلے پر وزیر خزانہ اور وزیر اعظم کے معاون خصوصی طارق باجوہ کے مشکور ہیں۔ واضح رہے کہ ملک بھر میں 26 نومبر کو ٹوئٹر پر ’گوگل پلے اسٹور‘ کا ٹرینڈ اس وقت ٹاپ پر آ گیا تھا جب میڈیا میں خبریں شائع ہوئیں کہ یکم دسمبر سے ملک میں گوگل پلے اسٹور کی سروسز بند ہونے کا امکان ہے جس کے بعد وزارت آئی ٹی نے کہا تھا کہ یکم دسمبر کے بعد بھی ملک میں گوگل پلے اسٹورز کی مفت سہولیات برقرار رہیں گی۔ مرکزی بینک کی جانب سے ڈائریکٹ کیریئر بلنگ (ڈی سی بی) کے طریقہ کار کو تبدیل کیے جانے کی وجہ سے عالمی انٹرنیٹ ٹیکنالوجی اداروں کو موبائل سروسز فراہم کرنے والی کمپنیوں کی ادائیگیاں رک گئیں جس کی وجہ سے ممکنہ طور پر یکم دسمبر 2022 سے بعض ایپلی کیشنز کی سروسز پاکستان میں متاثر ہوسکتی ہیں۔ پاکستان میں گوگل پلے اسٹورز کے بند ہوجانے کی 26 نومبر کو سامنے آنے والی خبر میں بتایا گیا کہ اسٹیٹ بینک کی جانب سے عالمی کمپنیوں جن میں فیس بک کی مالک کمپنی میٹا، ایمازون، گوگل اور دیگر کمپنیاں بھی شامل ہیں، انہیں ڈائریکٹ کیریئر بلنگ کی ادائیگیاں نہیں کی جاسکیں، جس وجہ سے پلے اسٹور کی سروس ملک میں یکم دسمبر کے بعد بند ہونے کا امکان پیدا ہوگیا تھا۔ تاہم وزارت انفارمیشن ٹیکنالوجی کا کہنا تھا کہ یکم دسمبر کے بعد بھی ملک میں مفت ایپلی کیشنز ڈاؤن لوڈ کی جاسکیں گی۔ ان رپورٹس میں دعویٰ کیا گیا تھا کہ مفت گوگل ایپلی کیشنز اور دیگر فری سروسز دستیاب ہوں گی، رپورٹ میں کیا گیا کہ اسٹیٹ بینک نے غیر ملکی خدمات فراہم کرنے والوں کو 34 لاکھ ڈالر کی ادائیگی منسوخ کردی تھی جس کے بعد شعبہ آئی ٹی اور اسٹیٹ بینک کے درمیان تنازع پیدا ہوا۔ ان خبروں کے سامنے آنے کے بعد اسٹیٹ بینک آف پاکستان نے انٹرنیٹ کی سب سے بڑی کمپنی گوگل کو ادائیگیاں روکنے کی تردید کرتے ہوئے انہیں بے بنیاد اور گمراہ کن قرار دیتے ہوئے کہا تھا کہ عالمی خریداری کے معاملے میں بعض خدمات میں تبدیلی کی گئی ہے۔

## گورنر سندھ کامران ٹیسوری سے اسحاق ڈار کی ملاقات، ملکی معاشی صورتحال پر تبادلہ خیال

کراچی (نیوز ڈیسک) گورنر سندھ کامران ٹیسوری سے وفاقی وزیر خزانہ اسحاق ڈار کی ملاقات ہوئی۔ ملاقات میں ملکی معاشی صورتحال پر تبادلہ خیال کیا گیا۔ ملاقات میں گورنر اسٹیٹ بینک جمیل احمد بھی موجود تھے۔ ملاقات میں ملکی معاشی صورتحال، تاجروں اور صنعت کاروں کے مسائل، عوام کو ریلیف کی فراہمی، صوبہ کے ترقیاتی منصوبوں کے لئے فنڈز کی فراہمی اور باہمی دلچسپی کے دیگر امور پر تبادلہ خیال کیا گیا۔ گورنر سندھ نے صوبہ کے مختلف اسٹیک ہولڈرز کے مابین اتفاق رائے پیدا کرنے کی کوششوں اور تاجروں اور صنعت کاروں کے مسائل سے وزیر خزانہ کو آگاہ کیا۔ کامران ٹیسوری نے کہا کہ معاشی مشکلات کے باوجود عوام کو ریلیف فراہم کرنے کے اقدامات لائق تحسین ہیں۔ یہ بھی کہا کہ وفاقی فنڈنگ کے ترقیاتی منصوبوں سے صوبہ میں انفرا اسٹرکچر بہتر ہوگا۔ اسحاق ڈار نے کہا کہ صوبہ کی تعمیر و ترقی کے لئے گورنر سندھ کی کاوشیں خوش آئند ہیں۔ یہ بھی کہا کہ صنعت کاروں اور تاجروں کے مسائل حل کریں گے۔ گورنر سندھ سے گورنر خیبر پختونخوا حاجی غلام علی نے بھی ملاقات کی۔ ملاقات میں دونوں صوبوں میں تعاون میں اضافہ، مختلف شعبوں میں وفود کے تبادلہ پر بات چیت کی گئی۔

## اپیما ناردرن زون: بنگالی گلی ویلفیئر کمیٹی کا قیام

لاہور (پیپر بزنس نیوز) حسن رضا شیخ صدر و شبیر بھٹی وائس چیئرمین آل پاکستان پیپر مرچنٹس ایسوسی ایشن کی قیادت میں 2 دسمبر 2022 کو منعقدہ اجلاس میں زاہد رضا کی قیادت میں اسٹینڈنگ کمیٹی برائے بنگالی گلی ویلفیر کا قیام عمل میں لایا گیا ہے۔ کمیٹی کے سیکریٹری کے فرائض محمد عاقب انجام دیں گے۔ یہ کمیٹی سیکیورٹی لائیٹس بجلی کی تعمیر و مرمت و دیگر امور کے سلسلے میں تمام امور کی نگرانی کرے گی۔ اس کمیٹی کے ساتھ ممبران کا تعاون ان کے مسائل کے حل میں بے حد سود مند ثابت ہوگا۔ اجلاس کے دیگر شرکاء میں شرافت حسین سینئر نائب صدر، وقاص احمد ملک سیکریٹری جنرل، ہمایوں بابر پبلسٹی سیکریٹری، اویس علی حیدر، حاجی محمد ارشاد، خامس سعید بٹ و ممبران اپیما شامل تھے۔

## حکومت امپورٹرز کے مسائل فوری حل کرے، فہیم الرحمان

لاہور (نیوز ڈیسک) انڈسٹریل اینڈ ٹریڈرز ایسوسی ایشنز فرنٹ (پیاف) کے چیئرمین فہیم الرحمان سہگل نے کہا ہے کہ درآمدی انڈسٹریل سامان اور خام مال جو کو کہ ایکسپورٹ کے لئے لازی جزو ہے اس پر پابندیوں اور بندشوں سے امپورٹرز کے کاروبار بری طرح متاثر ہورہے ہیں۔ کاروباری زندگی کا پہیہ رواں رکھنے کیلئے اور ملک میں جدید ضروریات کی عدم دستیابی کو امپورٹس سے پورا کرنا پڑتا ہے۔ لگژری آئٹم کے ساتھ ساتھ نان لگژری آئٹم جو کہ بیشتر انڈسٹریل آئٹم ہیں بھی پابندیوں کی زد میں ہیں جس سے تاجر وصنعتکار تا حال غیر یقینی کیفیت سے دوچار ہیں، پورٹس پر امپورٹرز کا کروڑوں روپے کا مال سٹک ہونے سے ڈیمرج اور ڈیٹینشن کی مد میں امپورٹرز کو بھاری نقصان کا سامنا ہے۔ فہیم الرحمان سہگل نے سینئر وائس چیئرمین پیاف نصر اللہ مغل اور وائس چیئرمین پیاف طاہر منظور چودھری کے ہمراہ پریس ریلیز جاری کرتے ہوئے کہا کہ زمینی حقائق کو مدنظر رکھتے ہوئے حکومت ترجیحی بنیادوں پر امپورٹرز کے مسائل کو ایڈریس کرے پورٹس پر پھنسے انڈسٹری سے متعلقہ سامان کی ترسیل کو یقینی بنایا جایا تا کہ امپورٹرز کی مشکلات ختم ہوں اور کاروبار میں جمود کی حالت ختم ہوسکے، غیر اعلانیہ پابندی ختم کی جائے، جب کے نان لگژر آئیٹمز بزنس سیکٹر اور ملکی معاشی امور میں انتہائی اہمیت کا حامل ہیں۔ کاروباری امور سازگار حالات اور امپوٹ پر پابندی ہٹانے سے ہی ملکی زر مبادلہ میں اضافہ ہوسکتا ہے۔ مشکلات میں پھنسی ملکی معیشت ترقی کی راہ پر گامزن ہوسکتی ہے۔



یہ شمارہ 70 گرام IK-035 برانڈ آفسیٹ پیپر، انڈونیشیا پر شائع کیا گیا ہے، انتہائی مناسب قیمت پر دستیاب ہے، بکنگ کیلئے رابطہ کریں: IBM فون نمبر 725-426-111

# کاروباری مواقع
# TENDERS

## ڈویژنل پبلک اسکول کا پیپر کا ٹینڈر

فوٹو اسٹیٹ پیپر لیگل سائز 70 گرام، تعداد: 2050 ریم

فوٹو اسٹیٹ پیپر A4 سائز 70 گرام، تعداد: 700 ریم

ٹینڈر کلوزنگ کی تاریخ: 14 دسمبر 2022ء

برائے رابطہ: پرنسپل آفس، ماڈل ٹاؤن، لاہور۔

فون: 042-35854262-35850240

## انفارمیشن ٹیکنالوجی یونیورسٹی کو پرنٹنگ میٹریل درکار

ٹینڈر حوالہ نمبر: 48870-3-112-22-01

ٹینڈر کلوزنگ کی تاریخ: 15 دسمبر 2022ء

برائے رابطہ: پرچیز آفیسر، سوفٹ ویئر ٹیکنالوجی پارک، 346-B، فیروز پور روڈ، لاہور۔

فون: 042-111111488EXT:6029

## نیب کا اسٹیشنری کا ٹینڈر

ٹینڈر حوالہ نمبر: 3-2/AD(Pro)Admin/NAB(K)2022-23

ٹینڈر کلوزنگ کی تاریخ: 21 دسمبر 2022ء

برائے رابطہ: ڈپٹی ڈائریکٹر (پروکیورمنٹ) آفس، نیشنل اکاؤنٹیبلٹی بیورو، پی آر سی ایس بلڈنگ، 197/5، ڈاکٹر داؤد پوتا روڈ، کراچی۔

فون: 021-99207975

## پارک اینڈ ہارٹی کلچر اتھارٹی کو پیپر و پرنٹنگ درکار

پیپر لیگل سائز، 80 گرام، تعداد: 1200 ریم

پیپر لیگل سائز، 70 گرام، تعداد: 500 ریم

پیپر A4 سائز، 80 گرام، تعداد: 100 ریم

اسٹیشنری کی پرنٹنگ

ٹینڈر کلوزنگ کی تاریخ: 19 دسمبر 2022ء

برائے رابطہ: ڈائریکٹر مانیٹرنگ اینڈ آپریشن آفس، گیٹ نمبر چار، جیلانی پارک، جیل روڈ، لاہور۔

فون: 042-99202551-99204639

## پوسٹل لائف انشورنس کا پرنٹنگ کا ٹینڈر

اسٹیشنری کی پرنٹنگ

ٹینڈر کلوزنگ کی تاریخ: 20 دسمبر 2022ء

برائے رابطہ: اسٹاک برانچ، جنرل منیجر، لاہور۔

فون: 042-9210813

## ورچوئل یونیورسٹی کا اسٹیشنری کا ٹینڈر

ٹینڈر حوالہ نمبر: VU/22-23/11/644

ٹینڈر کلوزنگ کی تاریخ: 14 دسمبر 2022ء

برائے رابطہ: پروکیورمنٹ ڈپارٹمنٹ، ڈائریکٹر آف فنانس، ایم اے جناح کیمپس، ڈیفنس روڈ، لاہور۔

فون: 042-111-880-880EXT:333/281

## یونیورسٹی آف گجرات کو اسٹیشنری درکار

ٹینڈر حوالہ نمبر: UOG/DP/2022-23/7

ٹینڈر کلوزنگ کی تاریخ: 22 دسمبر 2022ء

برائے رابطہ: ڈائریکٹر پرچیز، ایڈمن بلاک، حافظ حیات کیمپس، گجرات۔

فون: 053-3643331-3643334EXT:117

## ردی کی فروخت کا ٹینڈر

پرنٹڈ کتابچے، مکس ردی، کمپیوٹر پیپرز، پرنٹ شدہ فارم، اخبارات اور لفافے

ٹینڈر کلوزنگ کی تاریخ: 16 دسمبر 2022ء

برائے رابطہ: دفتر صوبائی الیکشن کمشنر، سندھ ہیڈ کوارٹر، پاکستان سیکریٹریٹ، بلاک نمبر A-44، شاہراہ عراق، صدر، کراچی۔

فون: 021-99203383

## ڈرگ لیبارٹری کا اسٹیشنری و پرنٹڈ میٹریل کا ٹینڈر

ٹینڈر کلوزنگ کی تاریخ: 16 دسمبر 2022ء

برائے رابطہ: ڈائریکٹر آفس، بلاک-A، جی ایم آباد، فیصل آباد۔

فون: 041-9330300-1

## اسلامیہ یونیورسٹی کا پیپر و کارڈ کا ٹینڈر

ٹینڈر کلوزنگ کی تاریخ: 26 دسمبر 2022ء

برائے رابطہ: یونیورسٹی پرنٹنگ پریس، بغداد الجدید کیمپس، بہاولپور۔

فون: 062-9255598

## HQ5Core کو اسٹیشنری درکار

ٹینڈر کلوزنگ کی تاریخ: 21 دسمبر 2022

برائے رابطہ: آفس انچارج، 5 Corps اسٹیشنری سیل، ہیڈ کوارٹر لاجسٹکس، صدر کینٹ۔

فون: 021-35654888

## پنجاب ہیلتھ فاؤنڈیشن کو اسٹیشنری درکار

ٹینڈر کلوزنگ کی تاریخ: 5 دسمبر 2022

برائے رابطہ: پروکیورمنٹ آفیسر، پونچھ ہاؤس-38، ملتان روڈ، لاہور۔

فون: 042-99210984-5

## کراچی چیمبر کی سب کمیٹیوں اور خصوصی کمیٹیوں کے لیے چیئرمینز مقرر

کراچی (نیوز ڈیسک) کراچی چیمبر آف کامرس اینڈ انڈسٹری (کے سی سی آئی) نے سال 2022-23 کے لئے 18 سب کمیٹیوں اور تین خصوصی کمیٹیوں کے چیئرمینز کو مقرر کر دیا ہے۔ بزنس مین گروپ کے چیئرمین اور سابق صدر کراچی چیمبر زبیر موتی والا، وائس چیئرمین بی ایم جی طاہر خالق، ہارون فاروقی، انجم نثار، جاوید بلوانی، جنرل سیکریٹری بی ایم جی اے کیو خلیل، کراچی چیمبر کے صدر محمد طارق یوسف، سینئر نائب صدر ایم توصیف احمد اور نائب صدر محمد حارث اگر نے تمام سب کمیٹیوں کے چیئرمینوں کو مبارکباد پیش کی ہے اور تاجر وصنعتکار برادری کو سہولیات کی فراہمی اور انھیں درپیش مشکلات کے حل کے لیے ہر ممکن تعاون کی یقین دہانی کرائی ہے۔ بی ایم جی کے رہنماؤں اور کراچی چیمبر کے عہدیداران نے امید ظاہر کی ہے کہ کے سی سی آئی کی سب کمیٹیوں کے نومنتخب چیئرمین تمام وسائل کو بروئے کار لاتے ہوئے تاجر برادری کے حقیقی مسائل کو حل کرنے میں اپنا بھرپور کردار ادا کریں گے اور کراچی چیمبر کا وقار بلند کریں گے۔ کراچی چیمبر کی جانب سے جاری تفصیلات کے مطابق جی ایس ٹی اینڈ ایس آر بی سب کمیٹی شعیب احمد فریدی، فیڈرل ٹیکسیشن سب کمیٹی ابوبکر شمسی، ایکسپورٹس و اسپیشل اکنامک زونز سب کمیٹی جنید الرحمن، کسٹمز اور ویلیوایشن سب کمیٹی محمد عارف، امپورٹ، اینٹی اسمگلنگ، قرنطینہ اور سرٹیفکیشن سب کمیٹی شیخ محمد وسیم، انڈسٹری و ماحولیات سب کمیٹی کاشف شیخ، بینکنگ اینڈ انشورنس سب کمیٹی عاصم ایجاز، فیئرز ایگزی بیشنز اینڈ ٹریڈ ڈیلی گیشن سب کمیٹی الطاف غفار، لاء اینڈ آرڈر سب کمیٹی حاجی آصف، کمیونی کیشن سب کمیٹی ناصر ریاض، ڈپلومیٹک مشنز اینڈ ایمبیسیز لائژن سب کمیٹی ضیاء العارفین، پبلک سیکٹر یوٹیلیٹیز، پاور اینڈ گیس سب کمیٹی محمد عامر چھیرہ، پروفیشنل اینڈ لوکل ٹیکسز سب کمیٹی طارق اکرام، میری ٹائم افیئرز سب کمیٹی افتخار احمد شیخ، ہیلتھ اینڈ ایجوکیشن سب کمیٹی فرحان اشرفی، ڈبلیو ٹی او، آئی پی آر، ایف ٹی اے اینڈ ریجنل ٹریڈ سب کمیٹی شمیم احمد، خواتین تاجروں کی سب کمیٹی درشہوار نثار اور ہاؤسنگ و رئیل اسٹیٹ آصف یونس کی سربراہی میں قائم کی گئی ہیں۔ اس کے علاوہ لیگل افیئرز اور ایم او یوز کے نفاذ کی خصوصی کمیٹی جنید ماکڈا کی سربراہی میں کام کرے گی جبکہ مائی کراچی خصوصی کمیٹی کے لئے محمد ادریس اور چھوٹے تاجروں کی خصوصی کمیٹی کے لئے عبدالمجید میمن کو نامزد کیا گیا ہے۔



یہ شمارہ 70 گرام IK-035 برانڈ آفسیٹ پیپر، انڈونیشیا پر شائع کیا گیا ہے، انتہائی مناسب قیمت پر دستیاب ہے، بکنگ کیلئے رابطہ کریں: IBM فون نمبر 111-426-725

# ایل سیز پر پابندی سے 15 لاکھ افراد کا کاروبار متاثر ہوگا، امانت بشیر

